## سوال

(76) دوزخیوں کے احوال کے بارے میں

## جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

فرمایا نبی کریم ﷺ نے دیکھا میں نے چند ایسے لوگوں کو جن کے منہ میں خون بھرا ہوا ہے۔ وغیرہ وغیرہ۔ نیز فرمایا کہ جہنم میں زیادہ تر عورتوں کو دیکھا اب سوال یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ حشر کے دن تمام مخلوق سے حساب کتاب لینے کے بعد اپنے اپنے اعمال کے مطابق جنت میں یا دوزخ میں بھیجے گا۔ تو یہ لوگ جن کو آپ ﷺ نے معراج میں دیکھا تھا کون تھے جو ابھی دوزخ میں بھیجے گئے۔ اور اپنے بد اعمال کا نتیجہ بھگت رہے ہیں۔ نیز اگر دوزخ میں گناہ گار ہیں تو جنت میں صرف نیک لوگ بھیجے گئے ہوں گے۔ جو ابھی تک وہاں آرام سے بسر کرتے ہوں گے۔ ؟

---

# الجواب بعون الوهاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاته

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

جس روز آپ ﷺ نے دیکھا اس سے پہلے جو لوگ گزر چکے تھے ان کو دیکھا تھا۔ بعض اکابر (شاہ ولی اللہ) عالم مثال کے قائل ہیں۔ ان کے نزدیک عالم مثال میں ہر چیز کی تمثیل ہے۔ وہ بعینہ اصل کی طرح ہے آپ ﷺ نے اس تمثال کو دیکھا تھا۔ اس کی حکایت فرمائی ہے جو اصل کے حکم میں ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

## جلد01ص223

محدث فتویٰ